© rasailojaraid.com

# مقامات حریری

چھٹی صدی ہجری کے نامور ادیب ابو محمد قاسم بن علی الحریری کے تحریر کردہ مقامات عربی ادب کی شاہکار تخلیقات میں شمار ہوتے ہیں اور صدیوں سے درس نظامی کے نصاب میں شامل ہیں۔ زیر نظر کتابچہ ان میں سے پہلے دس مقامات کا اردو ترجمہ ہے جو الشیخ صدیق احمد انوردی کے قلم سے ہے اور حاشیہ میں مشکل الفاظ اور محاوروں کی وضاحت بھی کی گئی ہے اس کی قیمت بیس روپے ہے اور ملنے کا پتہ یہ ہے۔

الرحیم اکیڈمی اے ۷/۷ اعظم نگر یونٹ آفس لیاقت آباد کراچی ۱۹

# منیتہ الالمعی

ھدایہ فقہ حنفی کی مستند کتاب ہے جس کی احادیث کی تخریج امام زیلعی نے "نصب الرایہ" کے نام سے کی اور ان سے ھدایہ کی جو احادیث رہ گئیں ان کی تخریج نویں صدی کے ممتاز محدث الحافظ قاسم بن قطلوبغا نے منیتہ الالمعی کے نام سے تحریر فرمائی جو حدیث و فقہ کی ایک بڑی خدمت ہے اس کے ساتھ امام شمس الدین الذھبی کا ایک مختصر رسالہ بھی ہے جس میں انہوں نے چند بڑے ثقہ راویوں کا ذکر کیا ہے جس پر کلام کیا گیا ہے لیکن اس کے باوجود ان کی ثقاہت مسلم ہے۔ یہ دونوں رسالے الرحیم اکیڈمی نے شائع کیے ہیں اور ان کی قیمت بیس روپے ہے۔

# ارباب علم و کمال اور پیشہ رزق حلال

مولانا عبدالقیوم حقانی صاحب قلم ہیں جو کتابوں کے سمندر میں غوطہ زن ہو کر رنگا رنگ موتی پڑھنے والوں کی نذر کرتے رہتے ہیں زیر نظر کتاب میں انہوں نے ان اصحاب علم اور ارباب فضل کا تذکرہ کیا ہے جو علمی و دینی خدمات کے ساتھ ساتھ کسب ید اور ہنر کے ذریعہ روزی کماتے رہے ہیں اور اس طرح انہوں نے علم و فضل کے ساتھ کسب و ہنر کا حسین امتزاج پیش کیا ہے سوا دو سو سے زائد صفحات پر مشتمل یہ مجلد کتاب موتمر المصنفین دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک ضلع نوشہرہ صوبہ سرحد سے طلب کی جاسکتی ہے اور اس کی قیمت ساٹھ روپے ہے۔



© rasailojaraid.com